نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی جعلی زرعی ادویات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری،

ضلع ملتان میں 1 کروڑ 15 لاکھ 33 ہزار سے زائد مالیت کی غیر معیاری زرعی ادویات بطور مال مقدمہ حوالہ پولیس

محکمہ زراعت کے اس اقدام سے کاشتکاروں کے 8 ہزار ایکڑ رقبہ پر جعلی زرعی ادویات کے سپرے سے بچالیا گیا

لاہور: 05 اپریل 2023 ( ) سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید کی خصوصی ہدایات پر محکمہ زراعت کی جعلی زرعی ادویات کاروبار میں عناصر کے خلاف صوبہ بھر میں کاروائیاں کی جاری ہیں۔ایسے ہی ایک آپریشن کے دوران ضلع ملتان میں زراعت آفیسر پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز تحصیل شجاع آباد ضلع ملتان نے یونائیٹڈ ڈسٹری بیوٹر لمیٹیڈ کراچی کی زرعی زہر کلفاب 15 فیصد ڈبلیو پی بیچ نمبری SG20211001 کا سیمپل لے کر لیبارٹری تجزیہ کے لئے بھجوایا جو تجزیہ کے بعد غیر معیاری ثابت ہوا۔اس غیر معیاری سیمپل کے نتیجہ میں چیف ایگزیکٹو آفیسر یو ڈی ایل کراچی کے خلاف تھانہ صدر شجاع آباد میں ایف آئی آر اندراج عمل میں لایا گیا۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان کی ہدایات پر ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کے تحت ڈپٹی ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ ملتان کو اس کمپنی کے مزید ویئر ہاؤسز میں موجود دوائی کے سیمپل اور اسٹاک کو چیکنگ کی۔اس ضمن میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ ملتان نے این ایل سی بائی پاس ملتان میں اس کمپنی کے ویئر ہاؤس پر چھاپہ مار کر مزید سیمپلز حاصل کر کے تجزیہ کے لئے لیبارٹری بھجوائے جو کہ غیر معیاری ثابت ہوئے جس کے نتیجے میں 1 کروڑ 15 لاکھ 33 ہزار سے زائد مالیت کی جعلی ادویات سیتل ماڑی، ملتان کے پولیس اسٹیشن میں بطور مال مقدمہ جمع کروائی گئیں اور اس کمپنی کے خلاف استغاثہ جمع کروایا گیا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیہ کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جا رہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جارہی ہے۔حکومت پنجاب جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔اس ضمن میں محکمہ زراعت ٹھوس شواہد کی بنا پر ملزمان کے خلاف ہر سطح پر اپنی کاروائی جاری رکھے ہوئے ہے اور جعلی زرعی ادویات کے دھندے میں ملوّث افراد کو قانون کے حوالے کیا جارہا ہے۔ترجمان نے مزید کہا کہ عوام جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے عناصر کے خلاف شکایات بذریعہ ایس ایم ایس/واٹس ایپ پر 0300-2955539 کر سکتے ہیں۔ایسے تمام عناصر کے خلاف اطلاع موصول ہونے کے 24 گھنٹے کے اندر کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے

☆☆☆☆☆